# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 17 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ سبز مستقبل اور صفر کاربن کے اخراج کیلئے بھارت پُرعزم ہے؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا اظہارِ خیال۔

☆ حیدرآباد مکتی سنگرام دِن کے موقع پر آج چھترپتی سمبھاجی نگر میں وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں سرکاری پرچم کشائی۔

☆ رُکنِ اسمبلی سنجے شرساٹ سڈکو کے چیئرمین مقرر۔

☆ دس دِنوں سے جاری گنیش فیسٹیول کا آج ہوگا اختتام۔

اور۔۔۔☆ ایشیائی ہاکی چیمپئن شپ میں آج بھارت اور چین کے درمیان خطابی مقابلہ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت سبز مستقبل اور صفر کاربن اخراج کیلئے پُرعزم ہے۔ وہ کل گجرات کے گاندھی نگر میں چوتھی عالمی قابلِ تجدید توانائی کی سرمایہ کاری کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

دریں اثنا، وزیرِاعظم مودی نے کل ٹیلی کانفرنسنگ نظام کی معرفت ریاست میں تین وندے بھارت ریلوے گاڑیوں کو ہری جھنڈی بھی دکھائی۔ ان میں ناگپور۔سکندرآباد، پونے۔ہبلی اور کولہاپور۔پونے ریلوے گاڑیاں شامل ہیں۔

***** ***** *****

ملک بھر میں آج سے ''صفائی ہی خدمت'' مہم شروع ہورہی ہے۔ یہ مہم 2 اکتوبر یعنی گاندھی جینتی تک جاری رہے گی۔ ''کردار کی صفائی، اخلاق کی صفائی'' اس سال کی مہم کا بنیادی نعرہ ہے۔ اس مہم کے دوران عوامی شمولیت سے سیاحتی و عوامی مقامات، تجارتی علاقوں وغیرہ جگہوں پر صفائی مہم چلائی جائے گی۔

***** ***** *****

حیدرآباد مکتی سنگرام دِن آج منایا جارہا ہے۔ اس مناسبت سے وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے صبح نو بجے چھترپتی سمبھاجی نگر کے سدھارتھ گارڈن چڑیا گھر میں مراٹھواڑہ کی مرکزی سرکاری پرچم کشائی کریں گے۔ بعدازاں وزیرِ اعلیٰ گورنمنٹ میڈیکل کالج و اسپتال کا معائنہ کریں گے، ساتھ ہی میونسپل کارپوریشن کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد اور نقاب کشائی بھی وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں عمل میں آئے گی۔ پرچم کشائی تقریب کیلئے وزیرِ اعلیٰ شہر پہنچ چکے ہیں۔ ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے، ضلع کلکٹر دلیپ سوامی اور رکنِ اسمبلی سنجے شرساٹ سمیت دیگر معززین نے وزیرِ اعلیٰ کا استقبال کیا۔

جالنہ میں ضلعے کے رابطہ وزیر اتل ساوے، بیڑ میں رابطہ وزیر دھننجے منڈے، پربھنی میں رابطہ وزیر سنجے بنسوڑے، ہنگولی میں رابطہ وزیر عبدالستار، ناندیڑ میں ماتا گروجی وِساوا گارڈن میں رابطہ وزیر گریش مہاجن اور لاتور میں ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کے ہاتھوں سرکاری پرچم کشائی عمل میں آئے گی۔

***** ***** *****

ماحولیاتی تحفظ، پائیدار ترقی اور سبز مہاراشٹر کے قیام کیلئے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے کاموں کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ورلڈ ایگریکلچر فورم کی جانب سے وزیر اعلیٰ شندے سمیت نائب وزرائے اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار کو اعزاز سے نوازا جائے گا۔ لاتور ضلع کے لودگا میں فینکس فاؤنڈیشن کی جانب سے کل بانس کے عالمی دن کے موقع پر اس اعزازی تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے الزام لگایا ہے کہ مراٹھواڑہ کی پسماندگی کو دور کرنے کیلئے ایک سال قبل ریاستی حکومت کی معلنہ اسکیموں پر عمل آوری سے متعلق اب تک کوئی پیش رفت نہیں کی گئی ہے۔ دانوے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایک صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ گزشتہ سال منعقدہ کابینی اجلاس میں مراٹھواڑہ کی ترقی کیلئے سو سے زیادہ اعلانات کیے گئے تھے، لیکن ان میں سے کسی بھی منصوبے پر عمل درآمد شروع نہیں کیا گیا۔

***** ***** *****

مراٹھا برادری کے تحفظات کیلئے تحریک چلانے والے منوج جرانگے پاٹل نے ریزرویشن کے مطالبہ پر جالنہ ضلعے کے آنتروالی سراٹی میں گذشتہ نصف شب سے دوبارہ اپنی بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے۔ جرانگے پاٹل نے انتباہ دیا ہے کہ حکومت کیلئے مراٹھا برادری کے مطالبات تسلیم کرنے کا یہ آخری موقع ہے اور انتخابی ضابطہ اخلاق کے نفاذ سے قبل حکومت تمام مطالبات تسلیم کر لے۔

***** ***** *****

شیوسینا کے رُکنِ اسمبلی سنجے شرساٹ کو شہر اور صنعتی ترقیاتی کارپوریشن ۔سڈکو کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ وزارتِ شہری ترقیات عہدے کی تمام خدمات وسہولیات شرساٹ کو فراہم کرنے کی ہدایت حکمنامے میں کی گئی ہے۔

اسی طرح سابق رکنِ پارلیمان ہیمنت پاٹل کو ہنگولی کے بالا صاحب ٹھاکرے ہلدی تحقیقی وتربیتی مرکز، کا صدر مقرر کیا گیا ہے۔ اس عہدے کو وزارت کا درجہ دیا گیا ہے۔ جبکہ سابق رکنِ پارلیمان آنندراؤ اَڈسول کو درج فہرست ذات اور قبائل کمیشن کا صدر مقرر کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے سرکاری فیصلہ بھی گزشتہ روز جاری کر دیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

بینائی اور سماعت سے محروم شائقین کیلئے سینما گھروں میں خصوصی آلات دستیاب کرائے جائیں گے۔ وزارتِ اطلاعات ونشریات کے رہنما خطوط کے مطابق سینما گھروں میں سہولیات فراہم کرنے کا فیصلہ سنٹرل فلم سرٹیفکیشن بورڈ نے کیا ہے۔

***** ***** *****

گذشتہ دس دِنوں سے جاری گنپتی فیسٹیول کا آج اننت چتر دشی پر اختتام ہو رہا ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر میں، میونسپل کارپوریشن کی جانب سے آٹھ کنوؤں، ایک جھیل سمیت سات مصنوعی تالابوں میں گھروں میں بٹھائی گئیں گنیش کی مورتیوں کا وسرجن کیا جائے گا۔ میونسپل کارپوریشن نے شہر میں 46 مقامات پر گنیش مورتیاں جمع کرنے کے مراکز قائم کیے ہیں اور ان مراکز پر عطیات دینے والے شہریوں کو آدھا کلو کھاد کا پیکٹ بطور تحفہ دیا جائے گا۔

ناندیڑ میں بھی ماحول دوست گنیش وسرجن کیلئے میونسپل انتظامیہ نے تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ ضلعے میں آج ڈھائی ہزار عوامی گنیش منڈلوں کی مورتیوں کا وسرجن کیا جائے گا۔ وسرجن جلوس کے پیشِ نظر ناندیڑ شہر کے نو راستوں پر ٹریفک کی آمد ورفت بند رہے گی۔

جالنہ میں، گھریلو گنیش مورتیوں کے وسرجن کیلئے موتی تالاب چوپاٹی پر ایک مصنوعی حوض بنایا گیا ہے، جب کہ عوامی منڈلوں کی بڑی گنیش مورتیوں کو موتی تالاب میں غرقاب کیا جائے گا۔ شہر کے مکتیشور تالاب اور گھانے واڑی تالاب میں گنیش کی مورتیوں کا وسرجن ممنوع قرار دینے کی[4] اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

ہنگولی میں وِگھن ہرتا چنتامَنی کے درشن کیلئے آنے والے عقیدت مندوں میں پرساد کے طور پر تقریباً 51 ہزار مودک تقسیم کیے جائیں گے۔

دھاراشیو ضلعے میں کل 410 گنیش مورتیوں کا وسرجن کیا گیا، جبکہ آج اَننت چتر دشی کی مناسبت سے ایک ہزار گنیش مورتیوں کو وداع کیا جائے گا۔ ضلعے میں عیدِ میلا دالنبیؐ کا جلوس دھاراشیو' نلدُرگ' لوہارا اور کڑمب میں پرسوں 19 ستمبر کو جبکہ پرانڈا میں کل 18 ستمبر کو نکالا جائے گا۔

پربھنی میں ہر سال کی طرح امسال بھی عیدِ میلا دالنبیؐ کے موقعے پر کل اجتماعی شادیوں کا پروگرام منعقد ہوا۔ اس تقریب میں 40 جوڑے ازدواجی رشتے سے منسلک کیے گئے۔ نو بیاہتا جوڑوں میں ضروریاتِ زندگی کے سامان بھی تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

چین میں جاری ایشیائی ہاکی چمپئن شپ مقابلوں میں آج بھارت اور چین کے مابین خطابی مقابلہ کھیلا جائے گا۔ بھارتی ٹیم اس ٹورنامنٹ میں مسلسل دوسری بار فائنل مقابلے میں پہنچی ہے۔ کل سیمی فائنل مقابلے میں بھارت نے جنوبی کوریا کو چار ایک سے شکست دی۔ کپتان ہرمن پریت سنگھ نے دو جبکہ جرمن پریت سنگھ اور اُتم سنگھ نے فی کس ایک۔ ایک گول کیا۔

***** ***** *****

سپریم کورٹ کے جسٹس سنجیو کھنہ نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت کے استعمال سے وکلا کا کام تکنیک سے مزین ہو جائے گا۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں منعقدہ مہاراشٹر نیشنل لا یونیورسٹی کی تیسری تقسیمِ اسناد تقریب سے وہ مخاطب تھے۔ اس تقریب میں 113 گریجویٹس کو اسنادات تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں آج ''ایک پیڑ ماں کے نام'' مہم چلائی جائے گی۔ اس میں ضلعے کی تمام گرام پنچایتوں میں شجر کاری کی جائے گی۔ لاتور ضلع انتظامیہ نے عوام سے اس مہم میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کیلئے دھاراشیو ضلعے میں کل تک تین لاکھ بانوے ہزار 424 خواتین کی درخواستیں فوائد کیلئے اہل پائی گئی ہیں۔ ضلعے میں اب تک چار لاکھ تین ہزار 851 خواتین نے درخواستیں کی ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ میں کل جعلی نوٹ چلن میں لانے کی کوشش کرنے والے دو افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ان کے قبضے سے پانچ سو روپئے کے کچھ جعلی نوٹس ضبط کیے گئے۔ اس معاملے میں مزید جانچ جاری ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن میں واقع جائیکواڑی آبی پشتے میں پانی کا ذخیرہ 99 اعشاریہ 34 فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ فی الحال ڈیم میں ڈھائی ہزار مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کی آمد ہو رہی ہے اور دائیں نہر سے پانی چھوڑا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سبز مستقبل اور صفر کاربن کے اخراج کیلئے بھارت پُرعزم ہے؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا اظہارِ خیال۔

☆ حیدرآباد مکتی سنگرام دِن کے موقع پر آج چھتر پتی سمبھا جی نگر میں وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں سرکاری پرچم کشائی۔

☆ رُکنِ اسمبلی سنجے شرساٹ سڈکو کے چیئرمین مقرر۔

☆ دس دِنوں سے جاری گنیش فیسٹیول کا آج ہوگا اختتام۔

اور۔۔۔☆ ایشیائی ہاکی چیمپئن شپ میں آج بھارت اور چین کے درمیان خطابی مقابلہ۔

***** ***** *****